بچوں کی حفاظت

بچوں کو گھر میں اور باہر محفوظ رہنا سکھائیں۔ "اجنبی لوگ خطرناک ہو سکتے ہیں" کے تصور کو سمجھنا کافی مشکل ہو سکتا ہے کیونکہ بچوں کو روزانہ اجنبی افراد کا سامنا کرنا پڑتا ہے؛ اس کے لیے ایک بہتر حکمتِ عملی یہ ہے کہ بچوں کو اچھے "دوستوں" یا اُن "مددگار" افراد کے بارے میں سکھایا جائے جو کسی ہنگامی صورتحال کے دوران اُن کی مدد کرسکتے ہیں مثلاً: **اساتذہ، پولیس افسران، آگ بجھانے والے اہلکار، ڈاکٹر اور طبی امداد فراہم کرنے والا عملہ۔**

عمومی حفاظتی تجاویز

- بچوں کو اپنا پورا نام، پتہ اور فون نمبر معلوم ہونے چاہئیں۔
- بچوں کو سکھائیں کہ بالغان کو بچوں سے مدد نہیں طلب کرنی چاہیے، بالغان کو دوسرے بالغان سے مدد طلب کرنی چاہیے۔
- بغیر نگرانی کے بچوں کو شاپنگ مالز، مووی تھیٹرز یا پارکس میں اکیلا مت چھوڑیں۔
- بچوں کو کبھی بھی گاڑیوں میں اکیلا مت چھوڑیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ کسی ایسے شخص کو "نہیں" کہنا ایک درست فیصلہ ہوتا ہے جسے وہ نہیں جانتے یا جو اُنہیں پریشان کر رہا ہے۔
- بچوں کو بتائیں کہ وہ کن پڑوسیوں کے گھر جا سکتے ہیں۔
- بچوں کو "بڈّی سسٹم (مددگار ساتھی کا نظام)" سکھائیں اور اس پر زور دیں۔
- ان کے دوستوں اور دوستوں کے والدین کے حوالے سے جانکاری رکھیں۔

گھر پر حفاظت

- قواعد کو ایسی جگہ پر چسپاں کریں جہاں سے بچے انہیں دیکھ سکیں۔
- بچوں کے لیے آیا کو احتیاط سے منتخب کریں۔ سابقہ ملازمت کی تصدیق کریں اور بچوں کے تاثرات جانیں۔
- بچوں کو دروازہ مقفل کرنے کا طریقہ سکھائیں اور یہ بھی کہ وہ کبھی بھی کسی کو اندر آنے مت دیں یا کسی کو یہ پتہ لگنے مت دیں کہ وہ گھر میں اکیلے ہیں۔
- اپنے بچوں کو کسی قابل اعتماد پڑوسی سے رابطہ کرنے یا گھر پہنچتے ہی آپ کو کال کرنے کی ہدایت کریں۔
- یقینی بنائیں کہ وہ ہنگامی صورتحال میں 911 پر کال کرنے کا طریقہ جانتے ہوں اور دیگر اہم نمبرز بھی پوسٹ کریں۔
- آپ کی اجازت کے بغیر گھر پر دوستوں کو بلانے یا کہیں باہر جانے کے حوالے سے قواعد مرتب کریں۔
- حدود طے کریں اور ان کا نفاذ کریں۔
- اچھی گفتگو کو فروغ دیں۔

اگر آپ کا بچہ گم گیا ہے تو

911 کو درکار معلومات: بچے کا نام، تاریخ پیدائش، قد، وزن، منفرد شناختی نشانات – بریسز، عینکیں، پیدائشی نشانات، چوٹ کے نشانات، لباس کی تفصیل۔ افسران کو ایک حالیہ تصویر فراہم کریں۔

گھر پر

- گھر کے ہر کونے میں بچے کی تلاش کریں، مندجہ ذیل جگہوں کی جانچ یقینی بنائیں:
  - الماریاں
  - بیڈ (اندر اور نیچے)
  - آلات میں
  - گاڑیوں میں
- 911 پر فون کریں

کسی اسٹور یا تقریب میں

- مینیجر کو مطلع کریں
- موقع پر موجود حفاظتی عملے کو مطلع کریں
- 911 پر فون کریں

ONE ALBUQUERQUE APD

ALBUQUERQUE POLICE